Australian Government
Department of Home Affairs

# ویکسینیشن کے تقاضے

اپنا سفر بُک کرنے سے پہلے، چیک کریں کہ آیا آپ بین الاقوامی سفر کرنے کے لیے آسٹریلیا کے ویکسینیشن کے تقاضوں پر پورا اترتے ہیں یا نہیں۔

اس سے آپ کی آسٹریلیا میں داخل ہونے کی اہلیت اور آیا آپ کو پہنچنے پر قرنطینہ میں رہنے کی ضرورت ہے یا نہیں اس پر اثر پڑ سکتا ہے۔

اگر آپ ایک آسٹریلیائی شہری یا مستقل رہائشی ہیں تو، اس سے آپ کی آسٹریلیا چھوڑ کر جانے کی اہلیت پر بھی اثر پڑتا ہے۔

# آسٹریلیا کے ویکسینیشن کے تقاضوں پر پورا اترنا

آسٹریلیا کے ویکسینیشن کے تقاضوں پر پورا اترنے اور آسٹریلیا کے سرحدی انتظامات کے مقصد کی خاطر ایک 'مکمل طور پر ویکسین شدہ' مسافر مانے جانے کے لیے، آپ کو ثبوت فراہم کرنے ہوں گے کہ آپ یا تو:

- آسٹریلیا کی بین الاقوامی سفری مقاصد کے لیے مکمل طور پر ویکسین شدہ کی تعریف پر پورا اترتے ہیں
- 12 سال سے کم عمر کے ایک بچے ہیں
- 12 سے 17 سال کی عمر کے ایک بچے ہیں جو کم از کم کسی ایک مکمل طور پر ویکسین شدہ بالغ فرد کے ساتھ سفر کریں گے؛ یا
- طبی وجوہات کی بناء پر آپ کو ویکسین نہیں لگائی جا سکتی۔

اگر آپ مندرجہ بالا زمروں میں سے کسی پر بھی پورا اترتے ہیں، تو آپ کو ویکسین شدہ مسافروں کے لیے آسٹریلیا میں داخل ہونے کے اقدامات پر عمل کرنا چاہیے۔

اگر آپ مندرجہ بالا زمروں میں سے کسی پر بھی پورا نہیں اترتے ہیں، تو آپ کو غیر ویکسین شدہ مسافروں کے لیے آسٹریلیا میں داخل ہونے کے اقدامات پر عمل کرنا چاہیے۔

**درج ذیل صورتوں میں آسٹریلیا پہنچنے والے ویزا حاملین کا ویزا منسوخ کیا جا سکتا ہے اور انہیں حراست میں لیا جا سکتا ہے اور نکالا جا سکتا ہے:**

- **اگر وہ آسٹریلیا کی سرحد میں داخلے کے تقاضوں کے مطابق بین الاقوامی سفری مقاصد کے لیے مکمل طور پر ویکسین شدہ نہیں ہیں**
- **اگر وہ COVID-19 ویکسین کے لیے آسٹریلیائی حکومت کی جانب سے بیان کردہ کسی بھی طبی مخالف علامت کا شکار نہیں ہیں؛ یا**
- **اگر وہ مستثنیٰ زمرے میں نہیں آتے ہیں یا وہ کسی سفری استثنیٰ کے حامل نہیں ہیں۔**

# بین الاقوامی سفری مقاصد کے لیے مکمل طور پر ویکسین شدہ

اگر آپ نے تھراپیوٹک گڈز ایڈمنسٹریشن (TGA) یعنی علاج معالجے کی اشیاء کی انتظامیہ کی جانب سے ایک منظور شدہ یا تسلیم شدہ ویکسین کا بنیادی کورس مکمل کیا ہے تو آپ کو آسٹریلیا میں داخل ہونے اور آسٹریلیا سے روانہ ہونے کے لیے مکمل طور پر ویکسین شدہ مانا جاتا ہے۔ اس میں مخلوط (مکسڈ) خوراکیں بھی شامل ہیں۔

بین الاقوامی سفر کرنے کے لیے قابل قبول موجودہ منظور شدہ یا تسلیم شدہ ویکسینز اور خوراکیں درج ذیل ہیں:

- کم از کم 14 دن کے وقفے سے درج ذیل کی دو خوراکیں:
  - AstraZeneca Vaxzevria
  - AstraZeneca Covishield
  - Pfizer/Biontech Comirnaty
  - Takeda یا Moderna Spikevax
  - Sinovac Coronavac
  - Covaxin Bharat Biotech
  - Sinopharm BBIBP-CorV آسٹریلیا میں داخل ہوتے وقت 60 سال سے کم عمر کے لوگوں کے لیے
  - Gamaleya Research Institute Sputnik V
  - Novavax/Biocelect Nuvaxovid

یا

- درج ذیل کی ایک خوراک:
  - Johnson & Johnson / Janssen-Cilag کی COVID ویکسین

**اور** مامونیتی ٹیکوں کے کورس میں ویکسین کی آخری خوراک لگوانے کے بعد سے کم از کم 7 دن گزر چکے ہوں۔

بین الاقوامی سفر کے لیے مخلوط (مکسڈ) خوراکیں صرف تبھی مکمل طور پر ویکسین شدہ کے زمرے میں شمار ہوتی ہیں جب وہ تمام ویکسینز TGA کی جانب سے منظور شدہ یا تسلیم شدہ ہوں۔ TGA اُن دیگر COVID-19 ویکسینز کا جائزہ لے رہی ہے جنہیں مستقبل میں آسٹریلیا میں داخلی سفر کے لیے تسلیم کیا جا سکتا ہے۔

آسٹریلیا میں رہنے والا ہر شخص COVID-19 کی ویکسین مفت حاصل کرسکتا ہے، اس میں آسٹریلیائی ویزا حاملین، ایسے غیر شہری جن کے پاس کوئی درست ویزا نہیں ہے اور امیگریشن حراستی مراکز میں رہنے والے لوگ شامل ہیں۔

## اس بات کا ثبوت فراہم کرنا کہ آپ کو ویکسین لگی ہے

آپ کو ایئر لائن کے عملے کو اس بات کے ثبوت دکھانے ہوں گے کہ آپ بین الاقوامی سفری مقاصد کے لیے آسٹریلیا کے ویکسینیشن کے تقاضوں پر پورا اترتے ہیں۔

آسٹریلیا میں داخل ہونے سے پہلے ڈیجیٹل پیسنجر ڈیکلریشن مکمل پُر کرنے پر بھی آپ کو ان ثبوتوں کو اپ لوڈ کر کے انہیں فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔

اگر آپ ایک آسٹریلیائی شہری یا مستقل رہائشی ہیں تو آپ کو بھی آسٹریلیا سے روانہ ہونے سے پہلے ایئر لائن کے عملے کو اپنے ثبوت دکھانے ہوں گے۔

اگر آپ نے آسٹریلیا میں ویکسین لگوائی ہے تو، آپ کو ایئر لائن کے عملے کو اپنا بین الاقوامی COVID-19 ویکسینیشن سرٹیفکیٹ (ICVC) دکھانا ہوگا۔ آپ Express Plus Medicare ایپ یا myGov کے ذریعے اپنے Medicare آن لائن اکاؤنٹ کا استعمال کرتے ہوئے اپنا ICVC ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ ICVC آپ کو PDF فارمیٹ میں فراہم کیا گیا ہے تاکہ آپ اسے پرنٹ کر سکیں یا اپنے فون پر الیکٹرانک طور پر محفوظ رکھ سکیں۔ ایئر لائنز اسے اس وقت مانگیں گی جب آپ اپنی پرواز میں چیک ان کریں گے۔

اگر آپ کو بیرون ملک میں ویکسین لگی تھی اور آپ کے پاس ICVC نہیں ہے تو، آپ کو ایئر لائن کے عملے کو اپنا غیر ملکی ویکسینیشن سرٹیفکیٹ پیش کرنا ہوگا۔

اگر آپ نے بیرون ملک میں ویکسینیشن لگوائی تھی اور آپ ایک ICVC حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو آپ اپنے بیرون ملک کے ٹیکوں کو آسٹریلیائی امیونائزیشن رجسٹر (AIR) میں شامل کر سکتے ہیں۔ یہ سب کرنے کے بعد، آپ ICVC کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

**نوٹ** کریں کہ اگر آپ کے پاس ایک ویکسینیشن سرٹیفکیٹ ہے، تو اس کا خود بخود یہ مطلب **نہیں ہوتا** کہ آپ آسٹریلیا کے بین الاقوامی سفری مقاصد کے لیے ایک مکمل طور پر ویکسین شدہ مسافر ہیں۔ مثال کے طور پر، آپ کا ویکسینیشن سرٹیفکیٹ میں یہ ظاہر ہو سکتا ہے کہ آپ نے دو خوراکوں والی ویکسین کی صرف ایک خوراک ہی لگوائی ہے۔ آپ کے ویکسینیشن سرٹیفکیٹ سے یہ ثابت ہونا چاہیے کہ آپ آسٹریلیا کی بین الاقوامی سفری مقاصد کے لیے مکمل طور پر ویکسین شدہ کی تعریف پر پورا اترتے ہیں۔

اپنے ویکسینیشن کا اسٹیٹس جاننا اور یہ چیک کرنا آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ کا ویکسین سرٹیفکیٹ آسٹریلیا آنے اور جانے کا سفر کرنے کے لیے آپ کی اہلیت کو سپورٹ کرتا ہے۔

## اگر آپ کے ویکسینیشن سرٹیفکیٹ پر موجود نام آپ کے پاسپورٹ میں درج نام سے مماثل نہیں ہے

اگر آپ ایک آسٹریلیائی پاسپورٹ حامل ہیں اور آپ نے اپنا نام تبدیل کیا ہے، تو آپ آسٹریلیائی پاسپورٹ آفس سے رابطہ کر کے ایک نیا پاسپورٹ حاصل کرنے کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو آسٹریلیا میں ویکسین لگائی گئی تھی لیکن آپ اس وجہ سے ICVC حاصل نہیں کر سکتے کیونکہ آپ کے ویکسینیشن سرٹیفکیٹ پر موجود نام کی تفصیلات آپ کے پاسپورٹ میں درج نام سے مماثل نہیں ہیں، تو آپ کو آسٹریلیائی امیونائزیشن رجسٹر سے رابطہ کرنا ہوگا۔

اگر آپ ایک ایسے غیر ملکی ویکسینیشن سرٹیفکیٹ کے ساتھ سفر کر رہے ہیں جو آپ کے پاسپورٹ میں موجود نام سے مماثل نہیں ہے، تو آپ کو یہ بھی یقینی بنانا چاہیے کہ آپ کے پاس اپنے نام کے دیگر ثبوت دستیاب ہیں، جیسے نکاح نامہ یا ڈرائیور کا لائسنس۔

# بچوں کے لیے انتظامات

مندرجہ ذیل گروپس میں شامل بچے ویکسین شدہ مسافروں والے سفری انتظامات کے تحت سفر کر سکتے ہیں:

- 12 سال سے کم عمر؛ یا
- جن کی عمر 12 سے 17 سال ہے اور جو کم از کم کسی ایک مکمل طور پر ویکسین شدہ بالغ فرد کے ساتھ سفر کر رہے ہیں

بچوں کے لیے پاسپورٹ کو اُن کی عمر کے ثبوت کے طور پر بھی استعمال کیا جائے گا۔

اگر آپ ایک فیملی گروپ ہیں اور آپ غیر ویکسین شدہ یا جزوی طور پر ویکسین شدہ بچوں کے ساتھ سفر کر رہے ہیں، تو آپ کو ان تمام ریاستوں اور علاقوں کے جملہ قرنطینہ یا ذاتی علیحدگی کے تقاضوں کو بھی چیک کرنا چاہیے جن سے ٹرانزٹ کرنے اور جن کا سفر کرنے کا آپ ارادہ رکھتے ہیں۔ مزید معلومات کے لئے ریاستی اور علاقائی داخلے کے تقاضوں کو ملاحظہ کریں۔

# اگر طبی وجوہات کی بناء پر آپ کو ویکسین نہیں لگائی جا سکتی

اگر طبی وجوہات کی بناء پر آپ کو ویکسین نہیں لگائی جا سکتی، تو آپ کو طبی مخالف علامت کے قابل قبول ثبوت فراہم کرنے ہوں گے۔

اگر آپ قابل قبول ثبوت فراہم کرتے ہیں، تو آپ ویکسین شدہ مسافروں والے سفری انتظامات کے تحت سفر کر سکیں گے۔ آپ کو سفر کرنے سے پہلے ایئر لائن کے عملے کو اپنے ثبوت دکھانے ہوں گے۔

آپ جن ریاستوں اور علاقوں سے ٹرانزٹ کریں گے اور وہاں کا سفر کریں گے، آپ کو وہاں کے جملہ تقاضوں، خاص طور پر قرنطینہ کے تقاضوں کو بھی چیک کرنا چاہئے۔ ملاحظہ کریں: ریاستی اور علاقائی آمد کے تقاضے۔

**اس بات کا ثبوت کہ طبی مخالف علامت کی بناء پر آپ کو ویکسین نہیں لگائی جا سکتی، سفری استثنیٰ سے ایک علیحدہ چیز ہے۔**

## آسٹریلیا سے روانہ ہوتے وقت اس بات کا ثبوت کہ طبی وجوہات کی بناء پر آپ کو ویکسین نہیں لگائی جا سکتی

اگر آپ آسٹریلیا سے روانہ ہونے والے ایک آسٹریلیائی شہری یا مستقل رہائشی ہیں تو، آپ کو اس بات کا ثبوت دکھانا ہوگا کہ آپ کے پاس آسٹریلیا میں دستیاب COVID-19 کی تمام ویکسینز کے لیے کوئی ایسی طبی مخالف علامت ہے جو آسٹریلیائی امیونائزیشن رجسٹر (AIR) میں رپورٹ شدہ ہے۔ آپ کو ثبوت کے طور پر اپنا آسٹریلیائی COVID-19 ڈیجیٹل سرٹیفکیٹ یا اپنی امیونیٹی ٹیکوں کی سرگزشت فراہم کرنی چاہیے۔

اگر AIR پر ایک عارضی طبی مخالف علامت ریکارڈ کی گی ہے، تو COVID-19 کے ڈیجیٹل سرٹیفکیٹ پر اس تاریخ 'تک کے لیے درست' دکھائی جائے گی۔ اس تاریخ کے بعد، آپ کو ان میں سے کوئی ایک چیز کرنی ہوگی:

- اپنے ڈاکٹر سے معلوم کرنا ہوگا کہ آیا آپ اب COVID-19 کی ویکسین لگوا سکتے ہیں یا نہیں؛ یا
- اگر آپ کی طبی مخالف علامت ابھی بھی درست ہے تو، اپنے ڈاکٹر سے کہنا ہوگا کہ وہ AIR پر آپ کے اسٹیٹس کو اپ ڈیٹ کرے۔

صرف سروسز آسٹریلیا کی جانب سے منظور شدہ اہل صحت کے ماہرین ہی AIR کو طبی **مخالف علامت** کی اطلاع دے سکتے ہیں۔ اگر آپ یہ ثابت نہیں کر سکتے ہیں کہ آپ کی طبی **مخالف علامت** AIR میں رپورٹ شدہ ہے، تو آپ کو آسٹریلیا چھوڑ کر روانہ ہونے کے لیے استثنیٰ حاصل کرنے کی درخواست دینی ہوگی۔

**اگر آپ اس بات کا قابل قبول ثبوت فراہم نہیں کر سکتے** کہ آپ کی طبی **مخالف علامت** AIR میں درج شدہ ہے **تو، آپ کو آسٹریلیا چھوڑ کر روانہ ہونے کے لیے سفری استثنیٰ کے لیے درخواست** دینی ہوگی۔

## اس بات کا ثبوت کہ طبی وجوہات کی بناء پر آسٹریلیا میں داخل ہوتے وقت آپ کو ویکسین نہیں لگائی جا سکتی

مکمل طور پر ویکسین شدہ مسافروں والے سفری انتظامات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے، آپ کو اس بات کے قابل قبول ثبوت فراہم کرنے ہوں گے کہ طبی وجوہات کی بناء پر آپ کو ویکسین نہیں لگائی جا سکتی۔

اگر آپ آسٹریلیا میں داخل ہو رہے ہیں اور آسٹریلیائی امیونائزیشن رجسٹر (AIR) میں آپ کی طبی مخالف علامت ریکارڈ شدہ ہے تو آپ ایئر لائن کے عملے کو ایک آسٹریلیائی COVID-19 ڈیجیٹل سرٹیفکیٹ دکھا سکتے ہیں۔ بصورت دیگر آپ مامونیتی ٹیکوں کی سرگزشت کا اسٹیٹمنٹ دکھا سکتے ہیں۔

اگر AIR میں آپ کی طبی مخالف علامت ریکارڈ شدہ نہیں ہے تو آپ کو ایئر لائن کے عملے کو ایک ایسا طبی سرٹیفکیٹ دکھانا ہوگا جو یہ ظاہر کرتا ہو کہ آپ کسی طبی عارضے کی وجہ سے COVID-19 کی ویکسین نہیں لگوا سکتے ہیں۔ میڈیکل سرٹیفکیٹ انگریزی میں ہونا چاہیے اور اس میں درج ذیل معلومات شامل ہونی چاہیے:

- آپ کا نام (یہ آپ کے سفری شناختی دستاویزات سے مماثل ہونا چاہیے)
- طبی مشاورت کی تاریخ اور آپ کے طبی معالج کی جملہ تفصیلات
- ایسی تفصیلات جن میں واضح طور پر اس بات کو بتایا کیا گیا ہو کہ آپ کسی طبی عارضے میں مبتلاء ہیں، جس کا مطلب ہے کہ آپ COVID-19 کی ویکسین نہیں لگوا سکتے ہیں (ویکسینیشن ممنوع ہے)۔

*نوٹ کریں کہ اس زمرے میں وہ لوگ شامل نہیں ہیں جنہوں نے ایسی ویکسینز لگوائی ہیں جو TGA کی جانب سے منظور شدہ یا تسلیم شدہ نہیں ہیں۔*

**محکمہ صحت مشورہ دیتا ہے کہ *COVID-19* کے گزشتہ انفیکشن کو *COVID-19* ویکسینیشن کے لے ایک طبی مخالف علامت تصور نہیں کیا جاتا ہے۔**

آپ کا طبی معالج محکمہ صحت کی ویب سائٹ پر اُن طبی حالات کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتا ہے جن کی یہ غرض ہوتی ہے کہ ویکسینیشن اس فرد کے لیے ٹھیک نہیں ہے۔ اس ویب سائٹ میں اُن حالات کے بارے میں بھی معلومات شامل ہیں جنہیں COVID-19 ویکسینیشن کے لیے متضاد **نہیں** سمجھا جاتا ہے اور جنہیں آسٹریلیا کے سفر کے لیے ویکسینیشن کرنے کے لیے ایک طبی استثنٰی کے طور پر قبول **نہیں** کیا جاتا ہے۔ **ملاحظہ کریں:** COVID-19 ویکسن کی طبی مخالف علامت کا ثبوت۔

آپ اس بات کو یقینی بنانے کے ذمہ دار ہیں کہ آپ کا ثبوت ان تقاضوں پر پورا اترتا ہے۔ ایئر لائنز چیک ان پر آپ کے سرٹیفکیٹ کی درخواست کریں گی۔

آپ جن ریاستوں اور علاقوں سے ٹرانزٹ کریں گے اور وہاں کا سفر کریں گے، آپ کو وہاں کے جملہ تقاضوں، خاص طور پر قرنطینہ اور بعد از آمد ٹیسٹنگ کے تقاضوں کو چیک کرنا چاہیئے۔

اگر آپ آسٹریلیا پہنچنے کے بعد آگے کسی اور ریاست یا علاقے کا یا اس سے گزرتے ہوئے سفر کرنے کا منصوبہ بنا رہے ہیں تو، آپ کو گھریلو سفری پابندیاں چیک کرنی چاہئیں۔ جملہ ریاستیں اور علاقے اپنی علیحدہ سفری پابندیاں عائد کر سکتے ہیں۔

آپ ان سفری پابندیوں اور تقاضوں کی تعمیل کرنے کے لیے ذمہ دار ہیں جو آپ پر لاگو ہوتے ہیں۔

**اگر آپ قابل قبول طبی ثبوت فراہم کرنے سے قاصر ہیں، تو آپ کو آسٹریلیا کا سفر کرنے کے لے سفری استثنٰی کی درخواست دینی پڑ سکتی ہے۔**

# COVID-19 ٹیسٹنگ

آسٹریلیا میں داخل ہونے یا آسٹریلیا سے ٹرانزٹ کرنے کے لیے COVID-19 ٹیسٹ کا منفی نتیجہ درکار ہے۔

آپ کو درج ذیل میں سے کسی ایک کے ثبوت فراہم کرنے ہوں گے

- اپنی پرواز کی شیڈول کردہ روانگی سے 3 دن کے اندر تک کرایا گیا ایک COVID-19 پولیمریز چین رِیکشن (PCR) ٹیسٹ یا دیگر نیوکلیک ایسڈ ایمپلِفِکیشن ٹیسٹ (NAAT) کے منفی نتیجے،
- اپنی پرواز کی شیڈول کردہ روانگی سے پہلے 24 گھنٹے کے اندر اندر طبی نگرانی میں کرائے گئے ریپڈ اینٹیجن ٹیسٹ (RAT) کے منفی نتیجے کے ثبوت کے طور پر ایک طبی سرٹیفکیٹ، چیک ان کرتے وقت اپنی ایئر لائن کو فراہم کرنا ہوگا۔

اگر آپ کی پرواز میں تاخیر ہوگئی ہے تو، اس صورت میں بھی آپ کو روانگی سے قبل ٹیسٹنگ کے تقاضوں کو پورا کرنے والا تصور کیا جائے گا۔ آپ کو ایک نئے ٹیسٹ کی ضرورت نہیں ہوگی۔

تاہم، اگر آپ کی پرواز دوبارہ شیڈول کی گئی ہے یا منسوخ کر دی گئی ہے تو، آپ کو ایک ایسے منفی COVID-19 PCR ٹیسٹ کا ثبوت فراہم کرنا ہوگا جو دوبارہ شیڈول کی گئی پرواز سے 3 دن پہلے تک کرایا گیا ہو یا ایک ایسا RAT جو دوبارہ شیڈول کی گئی پرواز سے 24 گھنٹے کے اندر اندر کرایا گیا ہو۔

آپ محکمہ صحت کی ویب سائٹ پر اُن ثبوتوں کے بارے میں معلومات حاصل کر سکتے ہیں جو آپ کو فراہم کرنے ہوں گے۔ اس میں درج ذیل چیزیں شامل ہیں:

- COVID-19 ٹیسٹ کے تقاضے، بشمول
  - قابل قبول ٹیسٹ
  - مطلوبہ مخصوص ثبوت
  - ٹیسٹنگ کے لیے توسیع شدہ ٹائم فریمز والے ممالک کی ایک فہرست
  - اُن ممالک کی ایک فہرست جو روانگی سے قبل کی ٹیسٹنگ سے مستثنیٰ ہیں
- اگر آپ کو COVID-19 تھا اور آپ اس سے صحت یاب ہوچکے ہیں لیکن پھر بھی آپ کے ٹیسٹ کا نتیجہ مثبت آتا ہے تو کیا کرنا ہوگا

آپ ان تمام ممالک کے لیے ٹیسٹنگ اور ویکسینیشن کے تقاضوں کا ثبوت چیک کرنے کے ذمہ دار ہیں جہاں سے آپ ٹرانزٹ کرتے ہیں اور جہاں کا آپ سفر کرتے ہیں۔

زیادہ تر ریاستیں اور علاقے آپ سے یہ تقاضا بھی کرتے ہیں کہ آپ وہاں پہنچنے کے فوراً بعد COVID-19 کا ٹیسٹ کروائیں۔ مزید معلومات کے لئے ریاستی اور علاقائی آمد کے تقاضوں کو ملاحظہ کریں۔